## الطاف حسین کے ماموں زاد بھائی سعید وارثی انتقال کر گئے

## مرحوم طویل عرصہ سے علیل تھے، بدھ کی صبح طبیعت مزید بگڑنے پر مقامی اسپتال لے جایا گیا تاہم وہ جانبر نہ ہوسکے

## سعید وارثی کے انتقال کی خبر ملتے ہی رابطہ کمیٹی کے ارکان، منتخب نمائندگان اور ایم کیو ایم کے کارکنان مرحوم کے گھر پہنچ گئے

کراچی ۔۔۔22، اکتوبر 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کے ماموں زاد بھائی، ایم کیو ایم کے سینئر کارکن اور حق پرست رکن سندھ اسمبلی مسرت بانو وارثی کے شوہر سعید وارثی طویل علالت کے بعد کراچی میں انتقال کر گئے ۔ (اناللہ وانا الیہ راجعون) مرحوم طویل عرصہ سے علیل تھے اور فالج کے مرض میں مبتلا تھے ۔ بدھ کی صبح ان کی طبیعت مزید بگڑ گئی اور ان پر فالج کا ایک اور حملہ ہوا جس کے باعث انہیں فوری طور پر مقامی اسپتال لے جایا گیا تاہم وہ جانبر نہ ہوسکے اور اپنے خالق حقیقی سے جا ملے ۔ سعید وارثی مرحوم کی عمر 50 سال تھی اور وہ ایم کیو ایم کے سرگرم کارکنوں میں شمار کئے جاتے تھے ۔ مرحوم کے سوگواران میں ان کی بیوہ اور دو صاحبزادیاں شامل ہیں ۔ دریں اثناء سعید وارثی کے انتقال کی خبر ملتے ہی رابطہ کمیٹی کے ارکان شعیب بخاری ایڈوکیٹ، ڈاکٹر نصرت، حق پرست صوبائی وزراء، ارکان قومی وصوبائی اسمبلی، حق پرست ٹاؤن ناظمین، ایم کیو ایم شعبہ خواتین کی ارکان اور ایم کیو ایم کے مقامی ذمہ داران وکارکنان مرحوم کی رہائش گاہ پہنچے اور انہوں نے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کی ۔

## سعید وارثی مرحوم، الطاف حسین کے سگے ماموں زاد بھائی اور سلسلہ وارثیہ کے بزرگ حضرت یاسین وارثی کے صاحبزادے تھے ۔ سعید وارثی مرحوم کا جناب الطاف حسین سے بہت قریبی تعلق تھا

## بچپن میں سعید وارثی کی والدہ کے انتقال کے بعد جناب الطاف حسین کی والدہ محترمہ خورشید بیگم نے انہیں گود لے لیا تھا،

## سعید وارثی مرحوم اور جناب الطاف حسین نے پرائمری سے انٹر تک کی تعلیم ایک ساتھ حاصل کی، سعید وارثی مرحوم کے حالات زندگی

کراچی ۔۔۔22 اکتوبر 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کے سگے ماموں زاد بھائی جناب سعید وارثی، سلسلہ وارثیہ کے بزرگ حضرت یاسین وارثی کے صاحبزادے تھے ۔ سعید وارثی مرحوم کا جناب الطاف حسین سے بہت قریبی تعلق تھا ۔ سعید وارثی مرحوم کی عمر چار سال کی تھی کہ جب ان کی والدہ اور جناب الطاف حسین کی ممانی محترمہ محمودی بیگم انتقال کر گئیں ۔ جسکے بعد جناب الطاف حسین کی والدہ محترمہ خورشید بیگم نے سعید وارثی مرحوم کو گود لے لیا تھا اور انہوں نے اپنے بیٹے کی طرح سعید وارثی مرحوم کی پرورش کی ۔ سعید وارثی مرحوم اور جناب الطاف حسین نے پرائمری سے انٹر تک کی تعلیم ایک ساتھ حاصل کی اور پورا بچپن، لڑکپن اور نوجوانی کا عرصہ ایک ساتھ گزارا تاہم یونیورسٹی میں داخلہ لینے کے بعد جناب الطاف حسین نے تحریکی جدوجہد کا آغاز کر دیا اور سعید وارثی مرحوم نے واٹر بورڈ میں ملازمت حاصل کر لی ۔ مرحوم واٹر بورڈ میں انسپکٹر کے نچلے عہدے پر فائز تھے ۔ 19 جون 1992ء کو ایم کیو ایم کے خلاف فوجی آپریشن شروع ہوا تو جہاں ایم کیو ایم کے دیگر رہنماؤں، منتخب نمائندوں اور کارکنوں اور انکے اہل خانہ کی بڑے پیمانے پر گرفتاریوں کا سلسلہ شروع ہوا تو جناب الطاف حسین کے قریبی رشتہ داروں کی بھی گرفتاریاں کی گئیں ۔ آپریشن کے دوران سعید وارثی مرحوم کو بھی گرفتار کر کے تشدد کا نشانہ بنایا گیا اور اپنے بیوی بچوں کے ساتھ وہ بھی کافی عرصہ تک دربدر رہے ۔ سعید وارثی مرحوم دل کے عارضہ میں مبتلا تھے اور کافی عرصہ سے علیل تھے ۔ سعید وارثی مرحوم کی عمر 50 سال تھی، مرحوم کے پسماندگان میں بیوہ محترمہ مسرت وارثی اور دو صاحبزادیاں سدرہ وارثی اور عائشہ وارثی شامل ہیں ۔

## الطاف حسین کا اپنے سگے ماموں زاد بھائی سعید وارثی کے انتقال پر اظہار تعزیت

## مرحوم کی بیوہ اور صاحبزادیوں سے ٹیلی فون پر اظہار افسوس

## مرحوم کی صاحبزادیاں الطاف حسین کی آواز سنتے ہی شدت جذبات سے بے قابو ہو گئیں

لندن ۔۔۔22 اکتوبر 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے اپنے سگے ماموں زاد بھائی سعید وارثی کے انتقال کی اطلاع ملتے ہی ان کی رہائش گاہ فون کر کے مرحوم کی بیوہ مسرت بانو وارثی اور صاحبزادیوں عائشہ اور سدرا سے دلی تعزیت کی ۔ جناب الطاف حسین نے مرحوم کے سوگوار لواحقین سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی ۔ اس موقع پر ماحول انتہائی سوگوار ہو گیا اور مرحوم کی صاحبزادیاں جناب الطاف حسین کی آواز سنتے ہی پھوٹ پھوٹ کر رونے لگیں ۔ جس پر جناب الطاف حسین بھی شدت غم سے نڈھال ہو گئے

اورمرحوم کی صاحبزادیوں کودلاسہ دیتے رہے۔ جناب الطاف حسین نے سوگوارلواحقین کوصبر کی تلقین کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ ترین مقام عطا فرمائے اورسوگوارلواحقین کوصبرجمیل عطا کرے۔(آمین)

## الطاف حسین کے ماموں زاد بھائی،ایم کیوایم کے سینئر کارکن اور رکن سندھ اسمبلی مسرت بانو وارثی کے شوہر کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔22،اکتوبر2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے قائدتحریک جناب الطاف حسین کے ماموں زاد بھائی،ایم کیوایم کے سینئر کارکن اورحق پرست رکن سندھ اسمبلی مسرت بانو وارثی کے شوہر سعید وارثی کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے جناب الطاف حسین،محترمہ مسرت بانو وارثی اورمرحوم کے دیگر سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ ترین مقام عطافرمائے اورسوگوارلواحقین کوصبرجمیل عطا کرے۔(آمین)

## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی اور انٹرنیشنل سیکریٹریٹ کے ارکان نے ٹیلی فون پر سعید وارثی کے سوگوارلواحقین سے تعزیت کی

لندن۔۔۔22،اکتوبر2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کے ماموں زاد بھائی،ایم کیوایم کے سینئر کارکن اورحق پرست رکن سندھ اسمبلی مسرت بانو وارثی کے شوہر سعید وارثی کے انتقال پر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی اور انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن کے ارکان نے گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا اور ٹیلی فون پر سوگوارلواحقین سے دلی وہمدردی کا اظہار کیا اورانہیں دلاسہ دیا۔رابطہ کمیٹی اورانٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن کے ارکان نے فرداًفرداًمرحوم کی بیوہ اوردیگر سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کیا اورانہیں صبر کی تلقین کرتے ہوئے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپکے ساتھ ہیں۔انہوں نے مرحوم کے بلند درجات اورسوگوارلواحقین کیلئے صبرجمیل کی دعائیں بھی کی۔

## الطاف حسین کے ماموں زاد بھائی سعید وارثی کوسینکڑوں سوگواران کی موجودگی میں سپردخاک کردیا گیا

## نماز جنازہ اورتدفین میں رابطہ کمیٹی،صوبائی وزراء،سینیٹرز،اراکین قومی وصوبائی اسمبلی،ٹاؤن ناظمین اوردیگر کی شرکت

## سعید وارثی مرحوم کا سوئم جمعہ 24اکتوبر کوہوگا

کراچی۔۔۔22،اکتوبر2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کے ماموں زاد بھائی،سلسلہ وارثیہ کے بزرگ حضرت یاسین وارثی کے صاحبزادے اورایم کیوایم کی سینئر کارکن وحق پرست رکن سندھ اسمبلی مسرت بانو وارثی کے شوہر سعید وارثی مرحوم کوسینکڑوں سوگواروں کی آہوں اورسسکیوں کے درمیان میوہ شاہ قبرستان میں سپردخاک کردیا گیا۔مرحوم کی نماز جنازہ بعد نمازعصر جامع مسجد دیارِحبیب نزدکے ڈی اے فلیٹس میں ادا کی گئیں،نماز جنازہ اورتدفین میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان سیدشعیب احمد بخاری،ڈاکٹر نصرت،شاہد لطیف،حق پرست صوبائی وزراء،حق پرست اراکین اسمبلی،سابق اراکین اسمبلی،ٹاؤن ناظمین،نائب ٹاؤن ناظمین،یوسی ناظمین،نائب یوسی ناظمین،کونسلرز،ایم کیوایم کے مختلف ونگزوشعبہ جات کے ارکان،کراچی کے مختلف سیکٹرز ویونٹوں کے ذمہ داران،کارکنان،ایم کیوایم کے ہمدردوں اورمرحوم کے عزیزواقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔قبل ازیں جیسے ہی مرحوم کا جسدخاکی ان کی رہائشگاہ پہنچا کہرام مچ گیااس موقع پرانتہائی رقت آمیز مناظر دیکھنے میں آئے،مرحوم کی بیوہ محترمہ مسرت بانووارثی اورصاحبزادیاں سمیت دیگرعزیزرشتہ دارخواتین پھوٹ پھوٹ کررونے لگیں جنہیں موقع پر موجودایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی اورشعبہ خواتین کی ذمہ داران نے دلاسہ دیا۔بعدازاں مرحوم کی کاجنازہ ان کی رہائشگاہ واقع سرجانی ٹاؤن سیکٹر D-5 مکان نمبرایل390 سے اٹھایا گیا اورجامع مسجد دیارِحبیب میں مرحوم کی نماز جنازہ ادا کی گئی اور سعید وارثی مرحوم کی میت کوخدمت خلق فاؤنڈیشن کی میت بسوں کے ذریعے میوہ شاہ قبرستان لیجایا گیا۔جناب الطاف حسین کی بڑی ہمشیرہ محترمہ سائرہ خاتون،رابطہ کمیٹی کے رکن آنسہ ممتازانوارنے شعبہ خواتین کی ارکان کے ہمراہ مرحوم کی رہائشگاہ جاکرسوگواران دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا اورانہیں دلاسہ دیا۔دریں اثناء مرحوم کا سوئم 24،اکتوبر بعدنماز جمعہ مکان نمبرایل390 سیکٹر D-5 سرجانی ٹاؤن نزدکے ڈی اے فلیٹس میں ہوگا جس میں مرحوم کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی جائے گی۔

## سعید وارثی کے انتقال پر ایم کیوایم برطانیہ یونٹ کا قائدتحریک الطاف حسین سے اظہار تعزیت

لندن22۔۔۔اکتوبر2008ء

ایم کیوایم برطانیہ یونٹ کی آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کے سگے ماموں زاد بھائی، ایم کیوایم کے سرگرم کارکن اور حق پرست رکن سندھ اسمبلی محترمہ مسرت بانو کے شوہر سعید وارثی کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں انہوں نے جناب الطاف حسین سمیت مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم برطانیہ یونٹ کے کارکنان ان کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالی مرحوم کی مغفرت فرمائے، انہیں اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا کرے اور سوگوار لواحقین کو یہ صدمہ برداشت کرنے کی ہمت عطا فرمائے۔(آمین)

## سعید وارثی کے انتقال پر اے پی ایم ایس او کا الطاف حسین سے اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔22، اکتوبر 2008ء

آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کے چیئرمین واراکین مرکزی کابینہ نے متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کے ماموں زاد بھائی سعید وارثی کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان چیئرمین واراکین مرکزی کمیٹی نے جناب الطاف حسین سمیت مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی ہے کہ اللہ تعالیٰ سعید وارثی مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں جگہ عطا کرے اور سوگواران صبر جمیل دے۔(آمین)

## ایم کیوایم گولارچی یونٹ کے تحت کرکٹ ٹورنامنٹ کا انعقاد

## کرکٹ ٹورنامنٹ کا انعقاد صحت مند تفریح کے فروغ میں مددگار ثابت ہوگا، غلام حیدر راہو

کراچی۔۔۔22، اکتوبر 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ بدین زون گولارچی یونٹ کے زیراہتمام تحصیل شہید فاضل راہو میں کرکٹ ٹورنامنٹ کا انعقاد کیا گیا جس کی اختتامی تقریب میں وزیراعلیٰ سندھ کے حق پرست معاون خصوصی غلام حیدر راہو اور پیپلز پارٹی کے رکن سندھ اسمبلی نواز چانڈیو نے شرکت کی اور فاتح ٹیم کے کھلاڑیوں میں انعامات تقسیم کئے۔تقریب میں شرکاء اور کھلاڑیوں سے گفتگو کرتے ہوئے غلام حیدر راہو نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ گورلاچی یونٹ کی جانب سے کرکٹ ٹورنامنٹ کا انعقاد خوش آئند ہے اور یہ انعقاد علاقے کے عوام میں صحت مند تفریح کے فروغ میں مددگار ثابت ہوگا۔انہوں نے دیگر ٹیموں کے کھلاڑیوں کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ وہ مایوس ہونے کے بجائے مزید محنت اور لگن سے اپنی صلاحیتوں میں اضافہ کریں۔انہوں نے کرکٹ ٹورنامنٹ کا انعقاد پر ایم کیوایم گولارچی یونٹ کے ذمہ داران کو زبردست خراج تحسین پیش کیا۔

## ایم کیوایم کورنگی سیکٹر کے کارکن، قمر شہداد کوٹ زون اور

## ابراہیم حیدری کے یونٹ انچارجز سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔22، اکتوبر 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کورنگی سیکٹر یونٹ 69 کے کارکن اسلم سلیمان کی والدہ محترمہ بتول بانو، ایم کیوایم قمبر شہداد کوٹ زون یونٹ میروخان کے یونٹ انچارج مشرف الدین تونیہ کی والدہ محترمہ اور ایم کیوایم ابراہیم حیدری یونٹ کے انچارج گل محمد مینگل کی ہمشیرہ کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا کرے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا فرمائے۔(آمین)

☆☆☆☆☆